22-02-2024

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں):______________

نام طالبعلم:______________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھا ہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "الفوز الکبیر فی أصول التفسیر" کے مؤلف کا نام ہے:

(الف) شاہ عبد الحق محدث دہلوی (ب) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی (ج) یحیٰ ابن کثیر (د) شاہ عبد الرحیم محدث دہلوی

2۔ علم الجدل گمراہ فرقوں کے متعلق ہے:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

3۔ علم الکلام کی تفصیل کے ذمہ کے ساتھ مربوط ہے:

(الف) مفسر (ب) محدث (ج) فقیہ (د) مجدد

4۔ علم تذکیر بالموت ومابعدہ کا ذکر کرنا کام ہے:

(الف) متکلمین کا (ب) واعظین کا (ج) محدثین کا (د) مفسرین کا

5۔ قرآن عظیم میں گمراہ فرقوں سے مخاصمہ طریقوں پر واقع ہوا:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

6۔ سب سے پہلے بت بنانے والا ہے:

(الف) قابیل بن آدم (ب) عمرو بن لحی (ج) آزر (د) سامری

7۔ شرک کے رد ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

8۔ تشبیہ کے رد ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

9۔ رسول اللہ ﷺ کی رسالت کو بعید از قیاس سمجھنے کے اسباب ہیں:

(الف) چار (ب) چھ (ج) آٹھ (د) دس

ورق الٹیے

10۔ نصاریٰ ایمان رکھتے تھے:

(الف) حضرت موسیٰؑ پر (ب) حضرت داؤدؑ پر (ج) حضرت ہارونؑ پر (د) حضرت عیسیٰؑ پر

11۔ لفظ "قرآن" قرآن میں کم و بیش استعمال ہوا ہے:

(الف) تیس مرتبہ (ب) پچاس مرتبہ (ج) ستر مرتبہ (د) نوے مرتبہ

12۔ علامہ ابوالمعالی کے نزدیک قرآن مجید کے نام ہیں:

(الف) 45 (ب) 55 (ج) 65 (د) 75

13۔ جامعیت قرآن کی عملی شہادتیں ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

14۔ قرآن میں ہدایت کا تصور رہتا ہے اس کے درجے ہیں:

(الف) تین (ب) پانچ (ج) سات (د) نو

15۔ مادہ اشتقاق "قرء" کے لحاظ سے قرآن کے معنی قرار پاتے ہیں:

(الف) دو (ب) چار (ج) چھ (د) آٹھ

16۔ قرآن پڑھنے کے باوجود گمراہ ہوتے ہیں:

(الف) ظالمین (ب) کاذبین (ج) فاسقین (د) منافقین

17۔ "القرائن" لفظ قرآن کا مأخذ ہے:

(الف) دوسرا (ب) چوتھا (ج) چھٹا (د) آٹھواں

18۔ قرآن کی صداقت اور حقانیت کے قرائن ہیں:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

19۔ قرآنی علوم کے معارف اور مطالب کی انواع ہیں:

(الف) پانچ (ب) سات (ج) نو (د) گیارہ

20۔ قرآن مجید کی جمع تدوین کا کام کیا ہے:

(الف) حضرت ابو بکر صدیقؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ (ج) حضرت عثمان غنیؓ (د) حضرت زید بن ثابتؓ

22-02-2024

نظام المدارس پاکستان

سالانہ امتحان 2024ء

مضمون:	اصول تفسیر	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	ترجمہ و تفسیر کورس (سال دوم)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | |

رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

سوال نمبر2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ شرک کی تعریف لکھیں۔

2۔ تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ مع مثال تحریر کریں۔

3۔ یہود تورات میں کون کونسی تحریف کرتے تھے؟

4۔ یہود آیات کو کن اغراض کی وجہ سے چھپاتے تھے؟

5۔ افتراء کے اسباب بیان کریں۔

6۔ منافقین کی اقسام بیان کریں۔

7۔ تذکیر بایام اللہ کی نشانیوں کو باقی اقسام سے علیحدہ کیوں لکھا گیا ہے؟

8۔ غزوہ بدر اور غزوہ احد کا تذکرہ کون کونسی سورت میں ذکر ہوا ہے؟

9۔ حضرت زینب جحش کی شادی کا تذکرہ اور قصہ افک کون کونسی سورت میں مذکور ہے؟

10۔ نبی کریم ﷺ کی تلاوت کو جنات کے سننے کا ذکر کن سورتوں میں آیا ہے؟

11۔ علم تذکیر بآلاء اللہ سے کیا مراد ہے؟

12۔ مشرکین کی گمراہی بیان کریں۔

سوال نمبر3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ **2x10=20**

1۔ قرآن کے لغوی معنی میں امام شافعی اور امام سیوطی کا موقف کیا ہے؟

2۔ "ثلثۃ قروء" میں لفظ "قروء" کن کن معنوں کے لیے آیا ہے؟

3۔ "لوضاع لی عقال بعیر لوجدتہ فی کتاب اللہ" حدیث کا ترجمہ کریں۔

4۔ "من اراد العلم فعلیہ بالقرآن فان فیہ خیر الاولین و الآخرین" کا ترجمہ کریں۔

5۔ قرآنی علوم اور معارف و مطالب کی انواع کے نام لکھیں۔

6۔ "مثل نورہ کمشکٰوۃ فیھا مصباح" کا ترجمہ کریں۔

7۔ غلبہ روم کی پیشن گوئی قرآن کی کس سورت میں ہیں؟ آیت بھی تحریر کریں۔

8۔ لفظ قرآن کا مادہ اشتقاق "قرن" ہو تو اس کا معنی بیان کریں اور اس کی مثال دیں۔

9۔ کالبدر من حیث التفت رأیتہ یھدی إلی عینیك نورا ثاقبا شعر کا ترجمہ لکھیں۔

10۔ تورات کا موجودہ نام کیا ہے؟ اور اس کی تصدیق قرآن کے علاوہ کس کتاب میں ہے؟

11۔ لفظ "رطب" اور "یابس" کے معنی کیا ہیں؟ ان کی وضاحت کریں۔

12۔ "أنعمت علیھم" سے کونسے طبقات مراد ہیں؟ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قرآن مجید میں بار بار بیان کیے جانے والے قصے کونسے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. عقیدہ تثلیث کیا ہے؟ اور اس کا تفصیلی رد تحریر کریں۔

iii. ملت ابراہیمی کی علامات اور شریعت ابراہیمی کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. قرآن مجید پڑھنے کے باوجود گمراہی کا امکان کی وضاحت کریں۔

ii. قرآنی دعوٰی کیا ہے؟ دعوٰی کی نسبتوں کی تعریف کرتے ہوئے ان کی وضاحت کریں۔

iii. فتح مکہ اور فتح خیبر کی پیشن گوئی بیان کریں۔